10-03-2026 TUSDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

......ریاست کے نئے گورنر کے طور پر مقرر ہونے والے شیو پرتاپ شکلا آج حیدرآباد پہونچ گئے۔ شمس آباد کے راجیو گاندھی انٹرنیشنل ایئر پورٹ پر حکومت کی جانب سے وزیر اعلی ریونت ریڈی نے ان کا استقبال کیا۔

......ریاستی نائب وزیر اعلی بھٹی وکرمارکا نے آنے والے تین سالوں میں ریاست کے تمام گرام پنچایتوں میں مستقل طور پر عمارتوں کی تعمیر کرنے محکمہ پنچایت راج کو ہدایت دی۔

......ریاستی وزیر پونم پربھاکر نے کہا کہ حکومت کے پروگراموں کی کامیابی کے لئے عوام کا تعاون ضروری ہے۔

......کانگریس حکومت کی جانب سے قائم کئے گئے تعلیمی کمیشن میں اربن نکسلائٹس ۔ ماوسٹوں کا نظریہ رکھنے والے افراد زیادہ ہیں۔ تلنگانہ بی جے پی صدر رامچندر راو نے لگایا الزام۔

GOVERNOR- REVANTH REDDY

ریاست کے نئے گورنر کے طور پر مقرر ہونے والے شیو پرتاپ شکلا آج حیدرآباد پہونچ گئے۔ شمس آباد کے راجیو گاندھی انٹرنیشنل ایئر پورٹ پر حکومت کی جانب سے وزیر اعلی ریونت ریڈی نے ان کا استقبال کیا۔ اس موقع پر ریاستی وزراء سریدھر بابو۔ چیف سکریٹری راما کرشنا راو۔ ڈی جی پی شیودھر ریڈی۔ اور دیگر اعلی عہدیداروں نے گورنر کو گلدستہ پیش کیا۔ گورنر کل صبح لوک بھون میں اپنے عہدے کا حلف لیں گے۔

HYDRAA

حیدرآباد کے کوکٹ پلی میں ہائیڈرا کی جانب سے بحال کئے گے نلہ چیرو و کا وزیر اعلی ریونت ریڈی نے افتتاح کیا۔ اس موقع پر وزیر اعلی نے گنگاماں تلی کی خصوصی پوجا بھی کی اور اندرامہیلا شکتی اسٹالس کا معائنہ بھی کیا۔ اس موقع پر وزیر اعلی نے جلسے سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ وہ سیاست سے بالاتر ہوکر ملکاجگیری پارلیمنٹ کے حدود میں واقع تمام اسمبلی حلقوں کی ترقی کے لئے فنڈ جاری کرنے کا اعلان کیا۔ انہوں نے کہا کہ غریبوں کے مکانات کو منہدم کرنا حکومت کا مقصد نہیں ہے۔ مستقبل میں عوام ۔ سیلاب کی صورتحال سے مسائل کا شکار نہ ہونے کے لئے حکومت ان کاموں کو انجام دے رہی ہے۔

BHATTI

ریاستی نائب وزیر اعلی بھٹی وکرمارکا نے آنے والے تین سالوں میں ریاست کے تمام گرام پنچایتوں میں مستقل طور پر عمارتوں کی تعمیر کرنے

محکمہ پنچایت راج کو ہدایت دی۔ آج سکریٹریٹ میں منعقد کئے گئے پری بجٹ اجلاس میں ریاستی وزراء جوپلی کرشنا راو۔ سیتا اکا۔ پی سرینواس ریڈی۔ گڈم ویویک۔ اور دیگر نے شرکت کی۔ اس موقع پر نائب وزیر اعلی نے آنگن واڑی مراکز میں بچوں کے صحت پر توجہ دینے پر زور دیا۔۔ انہوں نے اڈوانسڈ ٹکنالوجی کے مراکز میں کورسوں کو روزگار سے مربوط کرنے کی بھی ہدایت دی۔

MINISTER PONAM PRABHAKAR

ریاستی وزیر پونم پربھاکر نے کریم نگر ضلع کے حضورآباد میں منعقد کئے گئے عوامی حکومت۔ ترقی کا منصوبہ کے 99 روزہ پروگرام میں شرکت کی۔ اس موقع پر انہوں نے حضورآباد میونسپل کے نئے چیئرمین آر سوہاسنی اور وائس چیرمین جی انجلی کو مبارکباد دی۔ اس موقع پر ریاستی وزیر پونم پربھاکر نے کہا کہ حکومت کے پروگراموں کی کامیابی کے لئے عوام کا تعاون ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ انتخابات تک ہی صرف سیاست ہوگی۔ اور اس کے بعد ترقی پر توجہ دینے پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ شہر کی ترقی کے لئے میونسپل کونسل کی جانب سے لئے جانے والے ہر فیصلے کی حکومت پوری تائید کرے گی۔

POONAM

ریاستی وزیر پونم پربھاکر نے مرکزی وزراء کشن ریڈی۔ اور بنڈی سنجے کو ایک کھولا مکتوب روانہ کیا۔ اس خط میں انہوں نے کئی ایک مسائل کا ذکر کیا۔ پونم پربھاکر نے کہا کہ تلنگانہ ریاست کو دیئے گئے وعدوں کو عمل کرنے میں مرکزی حکومت لاپرواہی اختیار کر رہی ہے۔ انہوں نے پارلیمنٹ کے بجٹ اجلاس میں تلنگانہ کو حاصل ہونے والے فنڈ پنڈنگ زیرالتواء پراجکٹو ں پر بات کرنے کشن ریڈی اور بنڈی سنجے سے مطالبہ کیا۔ انہوں نے آندھراپردیش کو مختص کئے جانے والے فنڈ میں سے کم ازکم آدھا فنڈ تلنگانہ کو دینے کی مانگ کی۔ پونم پربھاکر نے کہا کہ حیدرآباد کے میٹرو ریل فیس ٹو پراجکٹ کو 24 ہزار کروڑ روپئے کا خرچ آرہا ہے۔ اس پراجکٹ کے لئے پچاس فیصد فنڈ مرکز کی جانب سے دینے کا مطالبہ کیا۔ اور انہوں نے کہا کہ حیدرآباد۔ ورنگل۔ انڈسٹریل کاریڈور کو مرکزی محکمہ صنعت کی جانب سے مکمل منظوری نہیں ملی ہے۔ 2013 میں تجویز کئے گئے آئی ٹی آئی آر۔ پراجکٹ کو تلنگانہ کے لئے الاٹ کرنے مرکزی حکومت سے مطالبہ کیا۔

DAMODAR RAJ NARSIMHA

ریاستی وزیر صحت دامودھر راج نرسمہا نے سکریٹریٹ میں ٹرانسپلانٹیشن آف ہیومن آرگنس۔ اینڈ ٹیشوز۔ ایکٹ۔ پالیسی کی تیاری پر کلینکل اسٹبلمشمنٹ ایکٹ کے عمل پر خانگی دواخانوں کے مالکین کے ساتھ ایک اعلی سطحی اجلاس منعقد کیا۔ اس موقع پر انہوں نے اعضاء کی تبدیلی کے علاج پر خانگی دواخانوں کے مالکین کے ساتھ مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا۔

SHABBIR ALI

نظام آباد کے قلعہ روڈ میں حکومت کی جانب سے دعوت افطار منعقد کی گئی۔ اس دعوت افطار میں پی سی سی کے صدر مہیش کمار گوڑ۔ اور حکومت کے مشیر محمد علی شبیر۔۔ اردو اکیڈیمی کے چیرمین طاہر بن حمدان۔ اور دیگر نے شرکت کی۔ اس موقع پر مسلمانوں کو حکومت کی جانب سے فراہم کئے جانے والے رمضان تحفہ کٹس بھی تقسیم کئے گئے۔ اس موقع پر محمد علی شبیر نے کہا کہ ریاستی حکومت مسلمانوں کی فلاح و بہبود کے لئے کئی

ایک اسکیمات کو روبہ عمل لا رہی ہے۔ اور مہیش کمار گوڑ نے کہا کہ ریاستی حکومت اوورسیز اسکالرشپ ۔شادی مبارک جیسے اسکیمات کو موثر طریقے سے عمل کر رہی ہے۔ وقف اراضیات کے تحفظ کے علاوہ اردو زبان کی ترقی کے لئے حکومت اقدامات کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت مسلمانوں کی جامع ترقی کے لئے بھرپور تعاون فراہم کرے گی۔•

BJP RAMCHANDAR RAO

تلنگانہ بی جے پی کے صدر رراامچند رراو نے فورم فار نیشنلسٹ تھینکرس کی جانب سے تلنگانہ کی تعلیمی پالیسی 2026 پر منعقد کئے گے راونڈ ٹیبل اجلاس میں شرکت کی۔ اس موقع پر انہوں نے بات کرتے ہوئے کہا کہ ریاست میں کانگریس حکومت کی جانب سے قائم کئے گئے کمیشن میں اربن نکسلائٹس۔ ماوسٹوں کا نظریہ رکھنے والے افراد زیادہ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایسے نظریات رکھنے والے افراد سے تلنگانہ کی تعلیمی پالیسی 2026 کے نام پر رپورٹ تیار کی گئی ہے۔ جو قابل تشویش ہے۔ اس پروگرام میں ایم ایل سی۔ ملکا کمریا۔ اور ہائیر ایجوکیشن کونسل کے سابق چیرمین پروفیسر۔۔ٹی پاپی ریڈی۔ اور لمبا ریڈی۔ اور عثمانیہ یونیورسٹی کے سابق وائس چانسلر پروفیسر ٹی تروپتی راو اور این سی ای آر ٹی کے سابق ممبر سکریٹری پروفیسر پی مرلی منوہر اور دیگر نے شرکت کی۔

CIVIL DEFENCE VOLUNTER TRANING

تلنگانہ فائر سرویس ڈپارٹمنٹ کی جانب سے آج سکندرآباد میں واقع سنٹ میرز کالج میں نوجوانوں کے لئے ۔سیول ڈیفنس والنٹر ٹریننگ۔ پروگرام منعقد کیا گیا۔ اس پروگرام میں مہمان خصوصی کے طور پر محکمہ فائر بریگیڈ کے سابقہ ڈائریکٹر جنرل ارونا بھوگنا نے شرکت کی۔ اس موقع پر انہوں نے بات کرتے ہوئے کہا کہ قدرتی آفات۔ جیسے فضائی حملے۔ اور دیگر قدرتی آفات کے موقع پر ان والنٹرس کی خدمات تمام حکومت کے شعبوں میں بہت فائدہ مند ثابت ہوں گے۔

Byte aruna bhugana

فائر سرویس کے ڈائریکٹر جنرل وکرم سنگھ مان نے اس پروگرام کو کامیابی کے ساتھ مکمل کرتے ہوئے زیادہ سے زیادہ افراد کو یہ ٹریننگ دینے عہدیداروں کو ہدایت دی۔

PRASAR BHARTHI

پرسار بھارتی۔ پی بی شبدا۔ کے خدمات میڈیا اداروں کو بغیر لوگو کے نیوز کنٹینٹ مفت میں فراہم کئے جارہے ہیں۔ ویڈیو۔ آڈیو۔ ٹیکسٹ۔ فوٹو۔ جیسے مختلف فارمیٹ میں ہر روز ایک ہزار سے زائد نیوز سٹوری۔ تمام ہندوستانی زبانوں میں دستیاب ہوں گے۔ 1500 سے زائد نامہ نگار اور 60۔ اڈیٹ ڈیسک کام کرنے والی یہ سہولت آنے والے سال مارچ تک مفت میں دستیاب ہوگی۔ یہ اعلان پرسار بھارتی نے کیا۔ میڈیا ادارے۔

Shabd.prasarbharati.org ویب سائٹ کے

ذریعہ اپنا اندراج کرواسکتے ہیں۔

KAMA REDDY MLA

کاماریڈی کے رکن اسمبلی کاٹی پلی وینکٹ رمنا ریڈی نے مرکزی وزیر اسپورٹس منسکھ مانڈویا سے ملاقات کی۔اس موقع پر انہوں نے کاما ریڈی اسمبلی حلقے میں کھیلوں کی ترقی کے لئے ایک اسپورٹس اسکول یا پھر اسپورٹس ویلیج قائم کرنے کا مرکزی حکومت سے مطالبہ کیا۔ انہوں نے کاما ریڈی کے قریب واقع تقریباً 300 ایکر اراضی پر اس کو قائم کرنے مرکزی حکومت سے مانگ کی اور اس سلسلے میں ایک یادداشت بھی پیش کی۔انہوں نے کہا کہ نوجوانوں کی صلاحیتوں کو فروغ دینے اور ضلع اور ریاستی سطح میں کھیلوں کے فروغ کے لئے کاماریڈی ضلع میں اس کی شدید ضرورت ہے۔

WOMENS DAY INVITATION

آصف آباد ضلع کے۔ مرلا وائی ۔کی سرپنچ کنکا پرتیبھا کو کل دہلی کے راشٹراپتی بھون میں صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کی صدرات میں منعقد ہونے والے یوم خواتین کی تقریب میں شرکت کی دعوت دی گئی ہے۔مرلا وائی۔کی سرپنچ نے اب تک گرام پنچایت میں ہونے والے ترقیاتی کاموں کے لئے آئی ایس او۔سرٹیفکٹس حاصل کرنے کے لئے علاوہ ریاستی سطح کے ایوارڈ بھی حاصل کئے ہیں۔اور اب انہیں صدر جمہوریہ کے ساتھ یوم خواتین تقریب میں شرکت کرنے کا موقع ملا ہے۔یہ موقع ملنے پر سرپنچ کنکا پرتیبھا نے خوشی کا اظہار کیا۔

UGADI CELEBRATION

ریاستی حکومت کی جانب سے اس مہینے کی 19 تاریخ کو رویندر بھارتی میں منعقد کئے جانے والے۔سری پرابھاوا۔ناما۔اگادی کی تقریبات کو بڑے پیمانے پر منانے محکمہ انڈومنٹ کی پرنسپل سکریٹری شلیجہ رامیار نے عہدیداروں کو ہدایت دی۔کل حیدرآباد میں منعقد ہوئے ایک اجلاس میں انہوں نے عہدیداروں کو ہدایت دی کہ وزیراعلی ۔ریاستی وزراء۔اس تقریب میں شرکت کرنے والے ہیں۔اس موقع پر انتظامات کو بہتر طریقے سے انجام دینے پر زور دیا۔تاکہ پروٹوکول کا کوئی مسئلہ درپیش نہ ہو سکے۔

INTER EXAMS

ریاست میں منعقد ہونے والے انٹرمیڈیٹ کے امتحانات کے ضمن میں آج سال دوم کے فیزکس اور اکنامکس کے امتحان میں 97.29 فیصد طلبا نے شرکت کی ہے۔یہ بات انٹرمیڈیٹ بورڈ کے سکریٹری نے اپنے ایک بیان میں بتائی۔جملہ چار لاکھ 70 ہزار 115 ۔طلبا میں سے چار لاکھ 57 ہزار 395 طلبا نے امتحان لکھا ہے۔ریاست بھر میں آج نقل نویسی کے 9 واقعات درج ہوئے ہیں۔جس میں نرمل ضلع میں تین۔کریم نگر ضلع میں ایک۔ورنگل ضلع میں پانچ معاملات درج کئے گئے ہیں۔

NEW RAIL

تلنگانہ۔آندھراپردیش سے کامکھیا مندر کے درشن کے لئے جانے والے عقیدتمندوں کو شمالی ہند کی ریاست آسام کو جانے والے مسافرین کو محکمہ ریلوے نے ایک خوشخبری سنائی ہے۔اس مہینے کی 13 تاریخ کو چیرلہ پلی۔کامکھیا کے درمیان نئی امروت بھارت ایکسپریس ٹرین شروع ہوگی۔سلیپر۔جنرل۔کوچوں کے ساتھ کم خرچ میں اس ریل میں سفر کیا جاسکتا ہے۔تلگو ریاستوں کے نلگنڈہ۔گنٹور۔وجئے واڑہ۔

راجمندری۔ سریکاکولم۔ جیسے اہم اسٹیشنوں میں یہ ٹرین ٹھہرے گی۔ آسام کو جانے والے عقیدت مندوں اور شمالی ہند کی ریاستوں کے لئے یہ خدمات بہت ہی فائدہ مند ثابت ہوگی۔ محکمہ ریلوے نے یہ بات بتائی۔

B TECH- EVENING

ریاست میں بارہ خانگی انجینئرنگ کالجوں میں شام کے اوقات میں بی ٹیک۔ کورسس کو چلانے کی ریاستی حکومت نے اجازت دی ہے۔ محکمہ تعلیم کی جانب سے جی او 30 جاری کیا گیا ہے۔ موجودہ تعلیمی سال 2025-26 سے ہی داخلوں کا آغاز ہوگا۔ پالی ٹیکنک کورس مکمل کرنے کے بعد ایک سال کا تجربہ رکھنے والے امیدوار و طالبہ اس کورس میں داخلہ لے سکتے ہیں۔ ای سیٹ۔ کنونیر کے ذریعہ مشترکہ داخلوں کا امتحان منعقد کرتے ہوئے ان نشستوں کو بھرتی کرنے ہائیر ایجوکیشن کونسل نے ہدایت جاری کی ہے۔